جس طرح کسی بھی عمل میں آقا ﷺ کا مواظبت کے طور پر اسے کرنا اس عمل کے سنت ہونے کی دلیل ہے بالکل اسی طرح کسی مقام پر آقا علیہ السلام کا کسی عمل کو ترک کرنا بھی اس عمل کی سنت ہے۔ جیسے آقا علیہ السلام نے دفنانے کے بعد اذان کو ترک کیا یا آقا علیہ السلام نے نماز جنازہ کے بعد اجتماعی دعا کو ترک فرمایا تو ان مقامات پر نماز جنازہ کا مسنون طریقہ یہ ہوگا کہ ہم بھی اسے ترک کردیں اور اگر کوئی کرے گا تو خلاف سنت طریقہ ہوگا۔

### حوالہ جات

(۱) شارح مشکوۃ ملا علی قاری حنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"المتابعة كما تكون فی الفعل يكون فی الترك ايضا فمن واظب على فعل لم يفعل الشارع فهو مبتدع".

(مرقات المفاتیح: ج۱، ص۴)

**ترجمہ**: (آقا علیہ السلام) کی اتباع جس طرح فعل میں ہے اس طرح ترک میں بھی ہے پس جس نے کسی ایسے عمل پر ہمیشگی کی جس کو شارع علیہ السلام نے نہیں کیا وہ بدعتی ہے۔

(۲) شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جن کے بارے میں بریلوی حضرات کا قول ہے کہ ان کا قلم نقطہ برابر خطاء نہیں کرسکتا (احکام شریعت، میزان امام احمد رضا نمبر) وہ فرماتے ہیں:

"واتباع ہم چناں کہ در فعل واجب است در ترک نیز باید بس آنکہ مواظبت نماید بر فعل آنچہ شارع نہ کردہ باشد مبتدع بود"۔

(اشعۃ اللمعات: ج۱ص۱۹)

**ترجمہ**: اور اتباع (آقا علیہ السلام) جس طرح فعل میں واجب ہے اسی طرح ترک فعل میں بھی واجب ہے پس جو شخص ایسے فعل پر ہمیشگی کرے جو کہ شارع نے نہیں کیا تو وہ بدعتی ہے۔

ان حوالہ جات سے واضح پتہ چلتا ہے کہ بدعت صرف عقیدے کی نہیں بلکہ عمل کی بھی ہوتی ہے۔

(۳) شیخ احمد رومی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"كما ان فعل مافعله ﷺ كان سنة كذالك ما ترك ﷺ مع وجود المقتضى و عدم المانع منه كان سنة ايضا فانه ﷺ لما امر بالاذان فى الجمعة دون العيدين كان ترك الاذان فيها سنة و ليس لاحد ان يزيده". (مجالس الابرار: ص ۱۵۳)

**ترجمہ**: جیسا کہ فعل میں جو کہ آقا ﷺ نے کیا ہو کرنا سنت ہے اسی طرح اس کا ترک کرنا جیسا کہ آقا ﷺ نے ترک کیا اس کے مقتضی کے وجود اور مانع کے نہ ہونے کے ساتھ وہ بھی سنت ہے کیونکہ جب آقا ﷺ نے جمعہ میں اذان کا حکم دیا اور عیدین میں ترک کیا تو عید کی نماز کیلئے اذان نہ دینا سنت ہے اور کسی کیلئے جائز نہیں کہ اس پر زیادتی کرے۔

اس عبارت میں دو شرطوں کا ذکر ہے اس پر اگلے قاعدے میں تفصیلی بحث ہے۔

(۴) امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ:

"فلا يصح العمل به ايضا لان ترك العمل به من النبى ﷺ

فی جمیع عمرہ". ((الاعتصام: ج۱،ص ۲۸۷)

**ترجمہ**: پس اس پر عمل کرنا اسی طرح درست نہیں کیونکہ نبی ﷺ نے اس پر عمل کو ترک کیا تمام زندگی مبارکہ میں۔

(۵) شیخ علی محفوظ لکھتے ہیں کہ:

"اما ما ترکہ الرسول ﷺ فاعلم ان سنة النبی ﷺ کما تکون بالفعل تکون بالترك فکما کلفنا الله تعالی باتباع النبی ﷺ فی فعلہ ...اذالم یکن من باب الخصوصیات کذالك طالبا باتباع فی ترکہ فیکون الترك سنة".

(الابداع فی مضار الابتداع: ص ۴۱)

**ترجمہ**: بہر حال جس کو رسول اللہ ﷺ نے ترک کیا ہو پس تو جان لے کہ نبی ﷺ کی سنت جس طرح فعل میں ہے اس طرح ترک میں بھی ہے۔ پس جس طرح اللہ نے ہمیں نبی ﷺ کی اتباع کا مکلف کیا ہے اس فعل میں جو خصوصیات کے باب میں سے نہ ہو اسی طرح ہم سے آقا ﷺ کی اتباع کا مطالبہ ترک میں بھی ہے۔ پس ترک سنت ہے۔

اس کو دو طرح سے نقل کیا جاتا ہے (اعلام الموقعین ج ۲ ص ۳۸۹،۳۹۱) ایک یہ کہ صحابی تصریح فرمائے کہ آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے اس طرح سے ترک کیا اور نہیں کیا، دوم یہ کہ صحابہ رضی اللہ تعالی عنہم کا نقل نہ کرنا اس فعل کو حالانکہ وہ حریص تھے آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی اداؤں کے اپنانے اور پھیلانے میں۔

ان تمام حوالہ جات سے پتہ چلا کہ کسی مقام پر آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا کسی فعل کو دوامانہ کرنا اس مقام کی سنت ہے۔ خود بریلوی عالم مفتی احمد یار نعیمی نے بھی بدعت سیئہ کی تعریف ان الفاظ سے کی ہے کہ جو "دافع سنت ہو"۔ (جاء الحق: ص ۲۲۱)

اس سے نتیجہ نکلا کہ ایسے تمام مقامات جہاں آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے کسی فعل کو دواماترک کیا ہو اس جگہ مستقل کوئی فعل کرنا دافع سنت ہوگا اور بقول مفتی احمد یار کے "بدعت سیئہ" ہوگا۔ اس قاعدے سے درج ذیل امور کا بدعات ہونا پتہ چلا:

**مثالیں:**

(۱) اذان سے پہلے درود بدعت ہے اور اس کا ترک کرنا اذان کا مسنون طریقہ ہے۔
(۲) نمازوں کے بعد ذکر بالجہر لا الہ الا اللہ کرنا، کیونکہ آقا علیہ السلام نے اس مقام پر اس ذکر کو ترک کیا، پس سنت یہ ہے کہ ہم بھی ترک کریں۔
(۳) یوم ولادت نبی علیہ السلام پر خود نبی علیہ السلام کا ولادت منانے کو ترک کرنا سنت ہے۔
(۴) قبر پر دفنانے کے بعد اذان نہ دینا سنت ہے اور جو اس کی مستقل خلاف ورزی کرے شیخ عبد الحقؒ اور ملا علی قاریؒ کے مطابق بدعتی ہے۔
(۵) مرنے کے بعد اجتماعی ایصال ثواب کو نہ کرنا بصورت قل وغیرہ یہ اس عمل کی سنت ہے اور جو مستقل کرے وہ بدعتی ہے۔
(٦) قبر کو پختہ نہ کرنا، دفنانے کی سنت ہے اور جو کرے اور مزار بنالے وہ خلاف سنت ہے۔

---

بقیہ: ۲۲ رجب کے کونڈے........................

اور دوسری طرف اس عمل کو توہین صحابی کے لیے کیا جاتا ہے، لہٰذا اس کو ایصالِ ثواب کے زمرہ میں رکھ کر کرنے کی اجازت نہیں دینا چاہیے، کیونکہ اس میں بہر صورت بائیس رجب کو بھرے جانے والے ان کونڈوں سے مکمل مشابہت ہے جو شیعہ لوگ بغض معاویہ کی نیت سے کرتے ہیں جب اس واقعہ کی کوئی حقیقت واصلیت نہیں، اول تا آخر من گھڑت ہے اور ایک مردود فرقہ شنیعہ شیعہ کی اختراع وایجاد ہے، اس سے بڑھ کر اسے چھوٹا اور بے اصل ہونے کی کیا دلیل ہے کہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنی زندگی میں فرمارہے ہیں کہ کونڈے بھر کر جو اس کا ایصال ثواب مجھے کرے اور پھر لکڑہارا کی بیوی آپ کی زندگی میں آپ کو ایصال ثواب کررہی ہے یہ کتنی چھوٹی اور من گھڑت بات ہے کہ ایصال ثواب تو ان لوگوں کو کیا جاتا ہے کہ جو دنیا سے وصال کرجاتے ہیں اور نہ کونڈوں کو ایصال ثواب کیا جاتا ہے زندوں کے کیونکہ زندوں کے ملک کیا جاتا ہے۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جو کسی قوم کی مشابہت کرے گا وہ ان کا ہی ایک فرد ہوگا" اس لیے اہل سنت کو بائیس رجب المرجب کو کونڈے بھرنے سے مکمل اجتناب کرنا چاہیے امید ہے کہ میرے یہ چند الفاظ ہر پڑھنے والے کے لیے ذریعہ ہدایت ہوں گے۔ وما توفیقی الا باللہ، فاعتبروا یا اولی الابصار" (دشمنان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا علمی محاسبہ: ج ۲، ص ۵۰۲ سے ۵۰۵ تک)

اللہ ہمیں صحابہ کرام سے عقیدت ومحبت استقامت سے رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

---

# ۲۲؍رجب کے کونڈے بریلوی علماء کی نظر میں

مناظر اسلام مولانا کاشف رضا

چونکہ لوگ مختلف مزاج رکھنے والے ہوتے ہیں بعض ایسے بھی ہوتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اگر ہمیں ہمارے اکابرین کے فتاویٰ جات دکھادیئے جائیں کہ یہ کونڈے جائز نہیں ہیں تو ہم اس رسم بد کو ترک کردیں گے اور ہم بعض بریلویوں کی تحریریں پڑھ کر تو حیران ہی ہوجاتے ہیں کہ ۲۲؍رجب سرے سے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ کا یوم وفات نہیں ہے حالانکہ اگر وہ اپنے مسلک کے بہت بڑے عالم ابوداود محمد صادق کا رضائے مصطفیٰ کا رجب کا شمارہ دیکھ لیتے تو ان کی آنکھیں کھل جاتی کہ ۲۲؍رجب یوم وفات صاف تسلیم کیا گیا ہے اور بریلوی علامہ حکیم ابوالوحید محمد صدیق صاحب لکھتے ہیں کہ صحیح قول یہی ہے کہ آپ کی وفات شریف ۲۲؍رجب المرجب کو ہوئی ہے اس کی تصدیق مندرجہ ذیل کتب کے حوالہ جات سے کی جاسکتی ہے۔ ① البدایہ والنہایہ: ج ۸، ۱۴۳ ② الکامل: ج ۳، ص ۲۶۰ ③ اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ: ج ۴، ص ۳۲۶ ④ طبری: ج ۵، ص ۳۲۶ ⑤ رحمۃ للعالمین: ج ۲، ص ۱۸۱ ⑥ تاریخ اسلام اکبر شاہ نجیب آبادیؒ: ج ۲، ص ۴۶، ⑦ تحفۃ العوام شیخ غلام لاہور: ص ۶۳

(کونڈوں کا ختم اپنی حقیقت میں: ص ۵۱، ۵۲)

یہی حکیم صاحب لکھتے ہیں:

> اس ختم کی ابتدا کسی سنی نے نہیں کی بلکہ روافض نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کی خوشی اور تبرا بازی کی بنا پر اس کو ایجاد کیا...... اس کی بنیاد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے بغض وعناد پر استوار کی گئی ہے۔ (ایضاً: ص ۳۷)

مزید لکھتے ہیں:

> ''اس مسئولہ کونڈوں کے ختم کا ثبوت اور جواز کہیں سے بھی ثابت نہیں، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم وتابعین رحمۃ اللہ علیہم وتبع تابعین وائمہ مجتہدین وسلف صالحین وعلمائے راسخین رحمۃ اللہ علیہم میں سے کسی نے بھی ایسا ختم نہیں دلایا''۔

(ایضاً: ص ۲۳)

مزید لکھتے ہیں:

''۲۲/رجب کو کونڈوں کے پردے میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات پر جشن عید مسرت منانے میں غیر شعوری طور پر مسلمان دشمنان صحابہ کے ساتھ شامل ہوگئے۔ (ص۲۱)

حکیم صاحب مزید لکھتے ہیں:

دشمنان صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس آغاز کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے محبت اہل بیت کا دعویدار بن کر صرف حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی مظلومیت اور مظالم یزید کے تکرار کے ذریعہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم کے خلاف بغض وعناد پیدا کرنے کی کوشش کی اور کرتے چلے آرہے ہیں، اسی طرح حضرت امام جعفر صادق کے کونڈوں کی رسم ایجاد کر کے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے خلاف ایک فضا پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ (ص۱۶)

علامہ مقبول احمد رضوی جلالی مہتمم دارالعلوم محمدیہ رضویہ فاروقیہ شادیوال گجرات نے حکیم صاحب کے متعلق لکھا ہے:

''محقق اسلام حضرت مولانا علامہ حکیم ابوالوحید محمد صدیق نقشبندی مجددی دامت برکاتہ'' (سنی شیعہ بھائی بھائی کیسے؟: ص۵۰)

مولوی محمود الحسن بدایونی الوری جو کہ بریلوی مسلک کے جید عالم ہیں جن کی تائید اور تصدیق بریلویوں کی معتبر کتاب ریاض الفتاویٰ ج۳، ص۲۳۶ پر یوں درج ہے کہ مولانا محمود الحسن صاحب الوری مدظلہ العالی علمائے اہل سنت میں سے ہیں انہوں نے جو تحریر فرمایا بجا فرمایا (کونڈوں کے متعلق)

مولانا محمود لکھتے ہیں:

''کونڈوں کی کتاب داستان عجیب کو سب سے پہلے امیر مینائی کے صاحبزادے خورشید احمد مینائی نے سال ۱۹۰۶ء میں رامپور میں چھپوا کر تقسیم کرایا تھا اور والی رام پور نواب حامد علی خان (جو کٹر شیعہ تھا) نے داستان عجیب کی اشاعت اور کونڈوں کی عام ترویج پر اپنی گہری دلچسپی کا

اظہار کیا تھا پس الناس علی دین ملوکہم کے تحت اور نواب کی رضا جوئی کی
خاطر رام پور کے سنی مسلمانوں نے بھی اس زمانے میں اس رسم کو اپنانا
شروع کر دیا تھا"۔ (کونڈوں کی حقیقت: ص ۲۶،۲۷)

معلوم ہوا کہ شیعوں نے یہ رسم بد صحابہ دشمنی میں پھیلائی اور جہلا ساتھ ملتے چلے گئے۔
بریلوی جید عالم شیخ الحدیث محمد علی نے ایک کتاب لکھی ہے "دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ" اس کے شروع میں مندرجہ ذیل علماء نے تقریظ لکھ کر کتاب کی تصدیق و تائید کی ہے:
① شارح بخاری سید محمود احمد رضوی لاہور ② شیخ الحدیث غلام رسول فیصل آبادی ③ علامہ مفسر قرآن شیخ الحدیث مولانا فیض احمد اویسی ④ مناظر بریلویہ مولانا عبدالتواب صدیقی اچھروی ⑤ پیر طریقت حضرت علامہ الٰہی بخش لاہور ⑥ شیخ العرب والعجم علامہ فضل الرحمٰن مدینہ منورہ ⑦ پیر طریقت سید باقر علی شاہ۔

یہ سب القابات کتاب میں درج ہیں اور اس سے زائد بھی ہیں ہم نے اختصار سے نقل کیے ہیں تا کہ پتہ چلے کہ بریلویوں میں ان کی اہمیت کیا ہے۔
اب ہم اتنے جید بریلوی علماء کی مصدقہ کتاب "دشمنان امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا علمی محاسبہ" (ج۲، ص ۵۰۲ سے ۵۰۵ تک) سارا ہی نقل کر دیتے ہیں تا کہ رہی سہی کسر نکل جائے۔

"بائیس رجب المرجب دراصل حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے وصال کا دن ہے اور یہ بات شک وشبہ سے بالا ہے کہ اہل تشیع کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ایک آنکھ نہیں بھاتے بلکہ انہیں دشمن تصور کرتے ہیں تو دراصل بائیس رجب کے دن امیر معاویہ کے وصال کی شیعہ لوگ کونڈے بھر کر خوشی کا اظہار کرتے ہیں گویا یہ دن اہل تشیع کے لیے یوم عید ہے نام لیتے ہو امام جعفر صادق کا اور نیت تمہاری یہ کہ کونڈے خوشی ہے معاویہ کے مرنے کی، اسی بات کا شاہد ایک مضمون میری نظر سے گزرا ہے جس میں لکھنؤ کے اہل تشیع کا واقعہ بیان کیا گیا تھا، وہ یہ کہ لکھنوی شیعوں نے جب ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے یوم وصال بائیس رجب کو خوشی کے طور پر منانے کا پروگرام بنایا، پھر اس دن انہوں نے جی بھر کر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہا جس سے اہل سنت کو غیظ و غضب آیا اور دونوں میں لڑائی تک نوبت پہنچی اور اس میں شیعوں کو سخت جانی اور مالی نقصان اٹھانا پڑا، اس کے بعد انہوں نے پروگرام یہ بنایا کہ اسے خفیہ طریقہ سے شروع کیا جائے اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام کی بجائے "امام جعفر کے کونڈے" کے نام سے اسے شہرت دی جائے تا کہ سنیوں سے محاذ آرائی

بھی ختم ہو جائے اور اس نسبت کی وجہ سے وہ بھی اس میں شریک ہو جائیں گے کیونکہ امام جعفر صادق کے ساتھ اہل سنت کو بھی عقیدت و محبّت ہے لہٰذا انہوں نے اس کو رواج دینے کی خاطر من گھڑت واقعات کا سہارا لیا اور کہا کہ ان کونڈوں میں سے اگر کوئی کھانا چاہے تو امام جعفر صادق کی وصیّت کے مطابق اسے اندر بیٹھ کر ہی کھائے، باہر نکالنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس چال میں ہم اہل سنت کے بہت سے لوگ آ گئے، اور بعض دفعہ لکڑ ہارے کے مذکورہ واقعہ کے پیش نظر غریب سنی کہیں سے قرض اٹھا کر کونڈے بھرنے لگے اور انکار کی صورت میں بربادی کا خوف آنے لگا، شیعوں کی دیکھا دیکھی سنیوں نے بھی بائیس رجب کو امام جعفر کے کونڈے بھرنے شروع کر دیئے اور وہی قیود و شرائط لگائیں جو انہوں نے گھڑ رکھی تھیں، اس چال میں آنے والے اہل سنت افراد اس کی تہ تک نہ پہنچ سکے، اور وہ اسے ایصال ثواب کا ایک طریقہ سمجھ کر اپنا بیٹھے، لیکن حیرت ایسے علماء پر ہے جو حقیقت حال سے باخبر ہوتے ہوئے پھر یہ کہہ دیتے ہیں کہ یہ ایک ایصال ثواب کا طریقہ ہے اس حد تک اس کے کرنے میں کوئی حرج نہیں، ایصال ثواب کی مخالفت دیوبندی یا غیر مقلد کرتے ہیں، ہم اہل سنت ایصال ثواب کے قائل ہیں، لہٰذا کونڈے بھرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، گویا یہ علماء ''غلام حسین نجفی'' والے ہی الفاظ کہتے ہیں ان علماء کو یہ دیکھنا چاہیے کہ شیعوں نے یہ طریقہ ایصال ثواب کے لیے نہیں بلکہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے انتقال کی خوشی منانے کے لیے گھڑا ہے، ایک صحابی رسول کی توہین اور ان سے برأت کی خاطر اس کو وضع کیا گیا، ان کا مقصد وحید صرف حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف دل کی بھڑاس نکالنا ہے، لہٰذا یہ کیونکر جائز ہو سکتا ہے اعلیٰ حضرت نے احکام شریعت میں لکھا ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی کسی قسم کی برائی کرنے والا جہنمی کتا ہے تو پھر اس قبیح عمل کو یہ کہہ کر خود کرنا اور دوسروں کو کرنے کی اجازت دینا کہ یہ ایک ایصال ثواب کا طریقہ ہے کہاں تک اس کی اجازت ہے؟ قرآن کریم کی نص قطعی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ''راعنا'' کہنے سے منع فرما دیا کیونکہ کچھ بدباطن اس کے عین کی کسرہ کو کھینچ کر اس لفظ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کا ارتکاب کرتے تھے اور صحابہ کرام اس سے کسی قسم کا غلط تصور لے کر نہیں بولتے تھے، اس کے باوجود صحابہ کرام کو ہی خطاب فرما کر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یاایھا الذین اٰمنوا لاتقولوا راعنا'' گویا ایک لفظ کو اگر معمولی سی تبدیلی سے پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کا قصد کوئی کر سکتا ہے تو اس لفظ کی ادائیگی سے ہی منع کر دیا گیا، اسی طرح کونڈے بھرنے کا معاملہ ہے کہ ایک طرف ایصال ثواب کرنے والے ہیں (بقیہ صفحہ ۳۸ پر)

# گستاخ کا چہرہ

(قسط سوم)

پروفیسر ابوالحقائق خراسانی

## گستاخی ۱۹

مولوی عمر اچھروی بریلوی لکھتا ہے کہ:

''تو میرے خیال میں مصنّف مذکور جو قرآن شریف نبی ﷺ پر اترا ہے اس کی اتباع کی کیا ضرورت ہے۔ کسی لڑے یا دیوا ے یا کتی وغیرہ کے نازل شدہ قرآن پر ہی ایمان لے آئے''۔ (مقیاس حنفیت: ص ۲۲۳)

اس عبارت میں مذکورہ بریلوی نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ گویا کوئی کتاب کتے وغیرہ پر بھی نازل ہوئی ہے (معاذ اللہ) اور پھر اس پر قرآن کا اطلاق کر کے شدید گستاخی کا ارتکاب کیا گیا ہے۔

## گستاخی ۲۰

یہی مولوی عمر بریلوی لکھتا ہے کہ:

''حضور ﷺ زوجین کے جفت ہونے کے وقت بھی حاضر و ناظر ہوتے ہیں''۔ (مقیاس حنفیت: ص ۲۹۱)

لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ ظلم کی بھی آخر کوئی حد ہوتی ہے۔ کفر و گستاخی میں اس قدر شدت کہ نبی ﷺ کو بھی معاف نہ کرنا یہ رضاخانی جماعت کے اکابرین کا شیوہ ہے۔ اس قدر شرم و غیرت کے مقام پر آپ ﷺ کی موجودگی کا اقرار کرنا کس قدر عقیدہ سوز نظریہ ہے۔ وہ نبی جو شرم و حیاء کا پیکر ہے اور غیرت مندوں کے امام ہیں ان کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ اس موقع پر حاضر (موجود) اور ناظر (سارے واقعہ کو دیکھ رہے) ہوتے ہیں کس قدر گستاخی اور بے حیائی ہے۔ اس کا فیصلہ ہم انصاف پسند قارئین پر چھوڑتے ہیں۔

## گستاخی ۲۱: حضور ﷺ پر گانا سننے کی تہمت معاذ اللہ

محمد شریف نوری بریلوی لکھتا ہے:

"حضور ﷺ نے لونڈی کو بلوایا اور لونڈی نے گانا گایا اور حضور ﷺ اور حضرت فاروق اعظمؓ نے سماعت فرمایا"۔

(کیا قوالی جائز ہے نوری کتب خانہ لاہور)

## گستاخی ۲۲: شیخ جیلانیؒ میں حضور ﷺ کی تمام صفات موجود ہیں

مولوی احمد رضا خان بریلوی لکھتا ہے کہ:

"حضور پرنور سیدنا غوث اعظم حضور اقدس وانور سید عالم ﷺ کے وارث کامل اور نائب تام وآئینہ ذات ہیں کہ حضور پرنور ﷺ مع اپنی جمیع صفات جمال وکمال وافضال کے ان میں متجلی ہیں"۔

(فتاوی افریقہ: ص ۱۱۳، برکاتی پبلشرز کراچی)

## گستاخی ۲۳: نبی ﷺ کو مجرموں کا حامی کہنا

احمد رضا خان کا بھائی مولوی حسن رضا بریلوی حضور ﷺ کے بارے میں لکھتا ہے کہ:

عجب کرم ہے کہ خود مجرموں کے حامی ہیں
گناہ گاروں کی بخشش کرانے آئے ہیں

(تنقیدات: ص ۳۸)

اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ حضور ﷺ گناہ گاروں مجرموں کی شفاعت ضرور فرمائیں گے۔ لیکن آپ کو مجرموں کا حامی کہنا درست نہیں، کیا کوئی بھی عزت دار اور دیانت دار اپنے بارے میں لوگوں کا یہ تاثر سننا گوارا کرے گا کہ وہ تو مجرموں کے حامی ہیں؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں تو نبی کریم ﷺ کے بارے میں یہ گستاخی کیوں؟

## گستاخی ۲۴: ابلیس کیا حضور ﷺ سے زائد جگہوں پر حاضر ہے

مولوی عبدالسمیع رامپوری بریلوی لکھتا ہے کہ:

"اصحاب محفل میلاد تو زمین کی تمام پاک وناپاک مجالس مذہبی اور غیر

مذہبی میں حاضر ہونا رسول ﷺ کا دعوی نہیں کرتے ملک الموت اور ابلیس
کا حاضر ہونا اس سے بھی زیادہ تر مقامات پاک و ناپاک کفر و غیر کفر میں
پایا جاتا ہے"۔(انوار ساطعہ: ص ۳۵۹)

کیا نبی ﷺ کو شیطان پر قیاس کرنا اور نبی ﷺ کے فضائل کے بیان کیلئے شیطان کی مثالیں دینا اور پھر ظلم یہ ہے کہ شیطان کو نبی ﷺ سے زائد مقامات پر حاضر ناظر کہہ کر معاذ اللہ شیطان کو نبی ﷺ پر افضلیت دینا کیا یہ کھلی ہوئی گستاخی اور کفر نہیں؟

## گستاخی ۲۵: کیا نبوت محمدی زوال پذیر ہو چکی ہے

مولوی ابوالحسنات قادری بریلوی لکھتا ہے کہ:

"آقائے مدینہ رحمت مجسم ﷺ نے اس آیت سے رائحہ انتقال پائی اس
لئے کہ ہر شے میں بعد کمال زوال ہوتا ہے
چوں آفتاب بنصف النہار یافت کمال
مقرر است کہ روئے نہد بسوئے زوال"۔

(اوراق غم: ص ۱۳۱، ضیاء القرآن پبلیکیشنز)

ہمارا تو عقیدہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کیلئے ہر آنے والا دن آپ کیلئے زوال نہیں بلکہ مزید ترقی والا ہے۔

## گستاخی ۲۶: نبی ﷺ کی طرف ذلت کی نسبت

مولوی احمد رضا خان بریلوی لکھتا ہے کہ:

کثرت بعد قلت پہ اکثر درود
عزت بعد ذلت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش: ص ۲۴، حصہ دوم)

اس شعر کے متعلق پیر نصیر الدین نصیر بریلوی لکھتا ہے کہ:

"انہوں (احمد رضا) نے ذلت کی نسبت آپ کی ذات عالیہ کی طرف

(بقیہ: ص نمبر ۵۴)

# گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

انتخاب: غلام مصطفیٰ نقشبندی

تحریر: قدرت اللہ شہاب

زیر نظر مضمون مشہور بیوروکیٹ قدرت اللہ شہاب کی مشہور و معروف کتاب ''شہاب نامہ'' سے لیا گیا ہے۔ یہ واقعہ کوئی افسانہ نہیں بلکہ مبنی بر حقیقت ہے ۱۹۵۲ میں قدرت اللہ شہاب جھنگ شہر میں ڈپٹی کمشنر مقرر ہوئے وہاں یہ واقعہ خود انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اس واقعہ سے بریلویوں کے اخلاق اور ذہنی پستی کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے مزاروں کے حضور لڑکیوں کے نذرانوں کا جو تصور احمد رضا خان نے ملفوظات میں پیش کیا تھا بریلویوں نے اسے حقیقت کا جامہ پہنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

**حضرت قبلہ وکعبہ فخر سالکاں رہنمائے عاشقاں**

**آفتاب طریقت ماہتاب معرفت**

**جناب مخدوم زادہ غلام مرشد خان صاحب**

**پیر، لینڈ لارڈ اینڈ لیڈر**

یہ کسی مزار کا کتبہ نہیں بلکہ ایک جیتے جاگتے انسان کا تعارفی کارڈ ہے جو ایک بہت بری گدی کے سجادہ نشین ہیں۔ آپ پکی سڑکوں پر ماسٹر بیوک استعمال کرتے ہیں، کچی سڑکوں کیلئے شیورلٹ اسٹیشن ویگن ہے۔ شکار کیلئے جیپوں کا انتظام ہے۔ اس کے علاوہ دس بارہ اعلی نسل کے گھوڑے ہیں جن پر وہ خود کبھی سوار نہیں ہوتے۔ تین ساڑھے تین درجن نسلی کتے ہیں۔ جن کی خدمت کیلئے بہت سے خادم مامور ہیں۔ کبوتروں کا بھی شوق ہے اور گاہے بگاہے بٹیروں کی پالی سے بھی جی بہلالیا کرتے ہیں۔

درگاہ شریف پر درویشانہ ٹھاٹھ لیکن مریدوں کی سہولت کیلئے کئی بڑے بڑے شہروں میں جدید طرز کی کوٹھیاں بنا رکھی ہیں۔ گدی کے نام دو ہزار ایکڑ اراضی وقف ہے۔ یوں بھی سال بھر میں مریدان باصفا سے لاکھ ڈیڑھ لاکھ روپیہ نذرانہ وصول ہو جاتا ہے۔ صوفیائے کرام کا مسلک ہے کہ

دنیاوی مال ومتاع راہ سلوک کا راہزن ہوتا ہے۔ چنانچہ اپنے ایمان کی سلامتی کیلئے سجادہ نشین صاحب روپیہ پیسہ جمع کرنے کی خطاء نہیں کرتے اور ہر سال درگاہ شریف کی ساری آمدنی بڑے سلیقے سے ٹھکانے لگاتے رہتے ہیں۔ گرمیوں میں مری، کوئٹہ، ایبٹ آباد اور سردیوں میں لاہور، پشاور اور کراچی کے شہروں کو فیض پہنچایا جاتا ہے۔ سالانہ عرس کے موقعہ پر گاؤں کے لوگ روحانی ثواب حاصل کرتے ہیں اور اس طرح سجادہ نشین صاحب سارا سال اپنے مریدین کی خاطر دینی اور دنیاوی مجاہدوں میں منہمک رہتے ہیں۔

سالانہ عرس شریف کا آخری دن ہے۔ محفل سماع کیلئے دھوم دھام کا اہتمام ہے۔ عود، لوبان اور اگربتیاں سلگ رہی ہیں۔ گلاب پاش سجے ہوئے ہیں۔ مشک کافور کی مہک فضا میں رچی ہوئی ہے، سجادہ نشین صاحب منقش عبا پہنے گدی پر متمکن ہیں۔ چہرے پر جمال اور آنکھوں میں جلال ہے۔ سامنے باریک چقوں کے سامنے عورتوں کی مجلس ہے۔ سجادہ نشین صاحب کی چشم بصیرت بڑی خوش اسلوبی سے چقوں کے آر پار گھوم رہی ہے۔ گدی کے دائیں ہاتھ افسران ضلع کی نشستیں ہیں دائیں جانب پیر بھائی، روسا اور سیاست پیشہ اصحاب براجمان ہیں۔ ایک کونے میں درویشوں کا گروہ ہے، جن پر قوالی کے دوران یکے بعد دیگرے ''حال'' طاری ہوگا۔ وجدان کی سہولت کیلئے لاہور سے طریقت پسند لڑکوں کی ایک پارٹی بھی آئی ہوئی ہے اور وہ باریک ململ کے کرتے اور ترچھی ٹوپیاں پہنے بڑے ادب سے دوزانو بیٹھے ہیں۔ ان سب کے درمیان قوالوں کی چوکڑی اپنا ساز وسامان تیار کئے مستعد بیٹھی ہے اور پیچھے حد نگاہ تک زائرین کا اجتماع ہے۔ یہ عقیدت مند دور دراز مقامات سے آئے ہوئے ہیں ان کے پاس سواری کیلئے نہ موٹریں ہیں نہ گھوڑے اور پالکیاں ہیں۔ لیکن ہر سال روحانیت کی کشش انہیں سفر وسیلہ ظفر کی ہر دشواری اور صعوبت کے باوجود یہاں کھینچ لاتی ہے شائد یہ لوگ اپنے ہل کا بیل فروخت کرکے یہاں آئے ہیں؟ شائد انہوں نے اپنی بیویوں کا زیور یا اپنی بیٹیوں کا جہیز گروی رکھ کر نذرانے کا بندوبست کیا ہے؟ شائد یہ واپس لوٹیں گے تو انہیں کئی کئی روز فاقوں کا سامنا کرنا پڑے گا، کیونکہ ان کے گندم کی فالتو ذخیرے درگاہ شریف کے لنگر کی بھینٹ چڑھ گئے ہیں۔۔۔۔۔

قوالوں کی پارٹی نے بڑی خوش مستی کے ساتھ ہارمونیم کا ساز چھیڑا، طبلہ پر تھاپ پڑی، جامی کی غزل فضاء میں لہرائی۔ درویشوں کے سر گھومنے لگتے ہیں، طریقت پسند لڑکے بیٹھے ہی بیٹھے بڑی ادا سے کمر مٹکاتے ہیں۔ سجادہ نشین صاحب کا مور چھل طرّہ بھی جنبش میں آجاتا ہے، جیسے بین

کی آواز پر سانپ کا پھن لہرا رہا ہو۔۔۔۔ایک ایک بول ایک ایک تال پر روحیں بے اختیار پھڑکتی ہیں ۔افسر لوگ اپنے وقار کی بندشوں سے مجبور ہو کر کبھی کبھی محض سر ہلا دینے پر اکتفاء کرتے ہیں ۔سیاست پیشہ اصحاب بھی اپنے منصب کی رعایت سر کی جگہ چوری چوری پاؤں ہلاتے ہیں ۔دیہاتی عقیدت مندوں کا ہجوم جو اکثر فارسی زبان سے بے بہرہ ہے نہ سر ہلاتا ہے نہ پاؤں، لیکن پیر بھائی ، درویش اور طریقت پسند لونڈے آپے سے باہر ہو رہے ہیں۔وہ بے اختیار گردنیں مٹکاتے ہیں، سجدوں میں گرتے ہیں، گھٹنوں کے بل کھڑے ہو ہو کر ہاتھوں کی نرت کے ساتھ راگنیوں کی تان پر جھومتے ہیں۔اور جب قوالوں کے گلے خوب گرما جاتے ہیں تو کوئی ایک درویش ہوحق کا نعرہ لگا کر میدان میں کود پڑتے ہیں۔ایک صاحب اپنی سفید داڑھی کو مٹھیوں میں بھینچ کر والہانہ رقص کر رہے ہیں، دو درویش ایک دوسرے کے گلے سے لپٹے رموز بے خودی کے روز و نیاز میں مشغول ہیں اور بار بار ترچھی ٹوپیوں والے لڑکوں کے پاس جا جا کر پچھاڑیں کھاتے ہیں جوان کی وارفتگی کو سہارا دینے خاص طور پر لاہور سے مدعو کیئے گئے ہیں۔ساری محفل مودبانہ کھڑی ہو جاتی ہے، عقیدت مند جھک جھک کر دونوں ہاتھوں پر ایک ایک دو دو پانچ پانچ روپے رکھ کر سجادہ نشین کے حضور میں پیش کرتے ہیں۔جو انہیں چھو چھو کر قوالوں کے حوالے کر دیتے ہیں۔ایک طالب علم نے اپنا فونٹین پین نذر کیا ایک صاحب دل نے اپنا کوٹ اتار کر پھینک دیا، ایک کسان جو کے ستو کی پوٹلی پیش کرتا ہے جسے غالباوہ زادراہ کے طور پر اپنے ساتھ لایا تھا۔

جامی، خسرو، اقبال، بلھے شاہ، خواجہ فرید۔۔۔۔رات کے ڈیڑھ بجے جب محفل سماع برخاست ہوتی ہے تو سجادہ نشین صاحب بڑے اخلاق سے اپنے دائیں بائیں بیٹھے ہوئے افسروں اور رئیسوں کو اس خیمے میں چلنے کی دعوت دیتے ہیں جو درگاہ شریف سے کچھ ہٹ کر ایک حویلی کے صحن میں نصب کیا گیا ہے ۔اس خیمے میں مقربین خاص کے علاوہ اور کسی کا گزر ممکن نہیں۔"راہ سلوک"میں یہ خیمہ اس مقام پر واقع ہے جسکے متعلق کہا گیا ہے کہ جلتے ہیں جبرائیل کے پر جس مقام پر! کیونکہ اس خیمے میں لاہور ، ملتان ، اور لائلپور کے نامی گرامی گانے اور مجرا کرنے والی فنکاریں اتری ہوئی ہیں۔۔۔۔

قوالی خدا اور مریدوں کو خوش کرنے کا ذریعہ تھی ۔فنکاروں کا مجرا افسروں اور رئیسوں کی خوشنودی کیلئے منعقد ہوتا ہے۔دین اور دنیا کے اس امتزاج میں سجادہ نشین کیلئے بڑی برکات کا نزول مضمر ہے۔مجرے والے خیمے میں پہنچ کر سجادہ نشین صاحب اپنی زرکار قباء اتار دیتے ہیں اور

لہراتے ہوئے طرے والے ''سبز پگڑی'' بھی خادم خاص کے حوالے کر دیتے ہیں خادم اس دستار فضیلت کو چاندی کی طشتری میں رکھ کر باہر لے جاتا ہے۔ خدا جانے اب یہ پگڑی کہاں جائے گی؟ شائد یہ پگڑی نبی بخش لوہار کے گھر چلی جائے جس کی بیٹی نے ابھی ابھی اپنی عمر کا سولہواں سال پورا کیا ہے۔ شائد یہ پگڑی روشن دین معمار کے گھر پہنچ جائے جس کی جمیلہ پر شباب کے پھول تازہ تازہ کھلے ہیں۔۔۔ شائد۔۔۔۔۔

یہ پگڑی بڑی عصمت اور وقار والی پگڑی ہے۔ اس پگڑی میں اولیاء کرام کی وراثتِ پارینہ محفوظ ہے۔ اس پگڑی کے ساتھ بزرگی، عظمت اور معرفت کی روایات صادقہ وابستہ ہیں۔ اس پگڑی کے سہارے اوتاد اور ابدال اور قطاب عرش منیر کے کنگروں تک پہنچتے رہے ہیں۔ اس پگڑی کے سلوٹوں سے فیض کے چشمے بہتے آئے ہیں۔ صدیوں سے بندگان خاص و عام کو یہ پگڑی انوار و تجلیات و مشاہدات سے سرفراز کرتی رہی ہے۔ یہ بڑی مرادوں والی پگڑی ہے۔ اس پر ایجاب و قبول کے سب دروازے وا ہیں۔ یہ پگڑی خدا کی بارگاہ سے بھی خالی نہیں لوٹتی لیکن جب یہی سحر کار دستار کسی نبی بخش لوہار یا روشن دین معمار یا چراغ علی کسان کے گھر اچانک جا پہنچتی ہے، تو پیاری پیاری، نازک نازک معصوم جوانیاں سہم کر مرجھا جاتی ہیں۔ خادم خاص پگڑی اٹھائے گھر کا ایک چکر لگاتا ہے اور اسی طرح خاموش واپس لوٹ آتا ہے لیکن یہ خاموشی چیخ چیخ کر اعلان کرتی ہے کہ اے گھر والو! مبارک ہو۔۔۔ تمہاری بہو یا بیٹی پر حضرت قبلہ و کعبہ۔۔۔ فخر سالکاں رہنمائے عاشقاں۔۔۔ آفتاب طریقت۔۔۔ ماہتاب معرفت۔۔۔ کی نظر انتخاب پڑ گئی ہے۔ اب اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارے نصیبوں پر رحمت خداوندی کا سایہ قائم رہے۔ تمہاری کھیتیاں سرسبز لہلہاتی رہیں تمہارے جھونپڑوں کو آگ نہ لگے، تمہارے مویشی گم نہ ہوں، تمہارے دلان میں ہتھکڑیاں نہ جھنجھنائیں اور جیل خانوں کے دروازے تم پر اچانک وا نہ ہوں ــــــــ تو برضا و رغبت۔۔۔۔

''مالک ہمارے گھر پگڑی آگئی ہے۔ خدا کیلئے مجھے بچاؤ۔ از طرف سکینہ دختر غلام محمد رجبانہ۔۔۔

یہ مختصر سا خط مجھے ایک روز ڈاک میں ملا۔ میں نے اسے ایک بار پڑھا۔ دو بار پڑھا۔ لیکن کوئی بات سمجھ میں نہ آئی کراچی میں جو پگڑی رائج تھی اس کا تعلق دکانوں یا مکانوں سے ہوتا تھا لیکن پگڑی کا یہ نیا روپ میری سمجھ سے بالاتر تھا۔ میں نے پولیس والوں اور مجسٹریٹوں سے پوچھا

۔وکیل صاحبان سے دریافت کیا،لیکن یہ انوکھی گتھی کسی سے حل نہ ہوسکی ۔معاملہ کی تہہ تک پہنچنے کیلئے ہم نے اسی رات اچانک سکینہ کے گھر پر چھاپہ مارا۔سکینہ تو بچ گئی لیکن افسوس وہ پگڑی ہمارے ہاتھ نہ آسکی جس کی ایک ایک سلوٹ ریاکاری اورسیاہ کاری کے سانپ لہرارہے تھے۔

(شہاب بامہ:ص ۴۹۷تا۵۰۱)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

## بریلویوں کی نانی اندرا گاندھی

## خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر

بھارت کی سابق وزیراعظم اندرا گاندھی نے بھی اپنے دور حکومت میں ایک مرتبہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے مزار پرانوار پر حاضر ہوکر کہا تھا کہ:

''خواجہ صاحب اصل میں تو ہندوستان کے حکمران آپ ہیں''

(ماہنامہ رضائے مصطفیٰ:فروری ۲۰۱۲:صفحہ ۱۷)

قارئین غور فرمائیں ایک ہندو عورت کے الفاظ خواجہ صاحب کی صداقت میں اس طرح پیش کئے جارہے ہیں جیسے وہ کوئی وحی الٰہی ہو معاذ اللہ۔۔ہمارا بریلویوں سے سوال ہے کہ تم لوگ صبح شام اہلسنت پر زبان درازی کرتے ہو کہ دارالعلوم دیوبند میں اندرا گاندھی آئی تھی۔۔تو کیا تم نے اس دورے کے بعد خواجہ صاحب یا خواجہ صاحب کے مزار پر آنے والے یا خواجہ صاحب کے مزار کے گدی نشینوں کو بھی کوئی گالیاں دی ہیں۔۔۔؟؟؟ان کے خلاف بھی کوئی کتاب لکھی؟؟ان کے خلاف بھی کوئی تقریر کی؟؟؟

ہمارا یہ بھی سوال ہے کہ اگر اندرا گاندھی دارالعلوم دیوبند آئے یا اس کے متعلق کچھ کہے تو اعتراض لیکن اگر خواجہ صاحب کے مزار پر آئے اور ان کے متعلق کچھ کہے تو یہ خواجہ صاحب کی حقانیت وصداقت کی دلیل بن جائے یہ کھلی منافقت اور دوغلی پالیسی کیوں؟؟؟

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# ملفوظات اعلیٰ حضرت کا جائزہ

(قسط پنجم)

محقق اہلسنّت مفتی نجیب اللہ عمر صاحب

## (۵۱) مردوں سے مشابہت والی حدیث

"ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک عورت کو مردانہ جوتا پہنے دیکھا اس پر بھی یہی حدیث روایت فرمائی کہ مردوں سے تشبیہ کرنے والیاں ملعون ہیں"۔ (ملفوظات، حصہ دوم ص ۲۰۵ نوری کتب خانہ لاہور)

جبکہ اس روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک عورت کو "مردانہ جوتا پہنے دیکھا" کے الفاظ احمد رضا کے اپنے ہیں اصل حدیث میں الفاظ اس طرح نہیں ہیں بلکہ اس طرح ہیں:

عن ابی ملیکة قال قیل ان امراة تلبس نعال قالت لعن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم الرجلة من النساء

(ابوداوٴد: کتاب اللباس: باب فی النساء، حدیث ۴۰۹۹، ص ۲۱۲ ج ۲ مکتبہ رحمانیہ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا گیا کہ ایک عورت مردانہ جوتے پہنتی ہے تو آپؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے مردوں سے تشبہ کرنے والی عورت پر۔

## (۵۲) حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار

عرض: حضور یہ بھی کوئی حدیث ہے

لا یقص الا امیرا او مامورا او مختال

ارشاد: یہ حدیث نہیں بلکہ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد ہے"۔ (ملفوظات: حصہ سوم، ص ۳۱۹ نوری کتب خانہ)

اس جگہ جواب میں احمد رضا خان نے بہت سخت ٹھوکر کھائی ہے اور ایک حدیث جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی تھی اس کا انکار کر دیا۔ دیکھیے ابوداوٴد میں یہ روایت موجود ہیں اس کے الفاظ پڑھیں:

"عن عوف بن مالك الاشجعي قال سمعت رسول الله يقول لا يقص الا امير او مامور او مختال"

(ابوداؤد: کتاب العلم: باب فی القصص حدیث ۳۶۶۵۔ ج۲ ص۱۶۰)

## (۵۳) حدیث خضاب کے نقل کرنے میں غلطی

تیسری حدیث میں ہے

من اختضب بالسواد سود الله وجهه يوم القيامة

جو سیاہ خضاب کرے اللہ قیامت کے روز اس کا منہ کالا کرے گا

(ملفوظات، حصہ دوم، ص۲۰۴، نوری کتب خانہ)

حالانکہ حدیث کے اصل الفاظ اس طرح ہیں:

من خضب بالسواد ۔۔الخ

(کنز العمال، ج۶ ص۲۸۴: کتاب الزینۃ حدیث ۱۷۳۲۹: مجمع الزوائد: کتاب اللباس: باب ما جاء فی الشیب، حدیث ۸۸۱۴، ج۵ ص۲۹۳)

اس حدیث میں احمد رضا خان نے لفظ "خضّب" (باب تفعیل) کو "اختضب" (باب افتعال) سے بدل دیا اور یہ بھی احمد رضا خان کی قوت حافظ اور ذہانت کی کھلی دلیل ہے۔

## (۵۴) حق مہر کی حدیث میں سخت غلطی

عرض: جو شخص مہر قبول کرتے وقت یہ خیال کرے کہ کون ادا کرتا ہے اس وقت تو قبول کرلو پھر دیکھا جائے گا۔ ایسے لوگوں کا کیا حکم ہے

ارشاد: حدیث میں فرمایا ایسے مرد و عورت قیامت کے روز زانی زانیہ اٹھیں گے"۔ (ملفوظات: حصہ سوم، ص۲۲۹ نوری کتب خانہ)

احمد رضا خان نے اس جگہ حوالے میں جو حدیث پیش کی اس کے الفاظ یہ ہیں:

"من تزوج بامرأة بصداق لا يريد ان يوديه جاء يوم القيامة زانيا"

(کنز العمال: کتاب النکاح الفصل الثالث فی الصداق: حدیث ۴۴۷۱۹، ج۱۶ ص۱۳۷)

کسی آدمی نے اگر کسی عورت سے نکاح کیا کچھ مہر مقرر کر کے اور وہ مرد مہر کی ادائیگی کا ارادہ نہ رکھتا ہو تو ایسا شخص قیامت کے دن زانی اٹھے گا۔

مجمع الفوائد کے الفاظ یہ ہیں:

ایما رجل تزوج امراۃ علی ما قل من المھر او اکثر لیس فی نفسہ ان یودی الیھا حقھا لقی اللہ یوم القیامۃ وھو زان''۔

(جمع الفوائد من جامع الاصول ومجمع الزوائد: ج ا ص ۳۸۰ حدیث ۴۱۶۸، بحوالہ فاضل بریلوی کا حافظہ)

جس شخص نے کسی عورت سے کم یا زیادہ مہر پر نکاح کیا اس عورت کے حق (مہر) کو ادا کرنا اس کے جی میں نہیں تو وہ شخص قیامت کے روز اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ زانی ہوگا''۔

قارئین کرام! احمد رضا خان سے پوچھے گئے سوال پر غور کیجئے کہ پوچھنے والا مرد کے فراڈ اور دھوکہ بازی کے متعلق سوال کر رہا ہے کہ ایک مرد کسی عورت کے ساتھ شادی کر کے حق مہر ادا نہیں کرتا یا ہو مہر کے تقرر کے وقت ادیگی کی نیت نہیں کرتا تو صاف ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں غلطی صرف اور صرف مرد کی ہے عورت بالکل غلطی سے بری ہے۔ تو ایسی صورت میں گناہ بھی صرف مرد کو ملے گا اس میں بھلا عورت کا کیا قصور؟ بلکہ اس صورتحال میں تو وہ مظلوم ہے کہ اس کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے لیکن رضا خانی مذہب کے بانی اور قائد احمد رضا خان کی عقل وفکر پر داد دیجئے کہ وہ مرد ظالم کے گناہ کا بوجھ مظلوم عورت پر بھی ڈال رہے ہیں۔ اور ظلم بالائے ظلم کے اس مظلوم عورت پر دوسرا ظلم احمد رضا خان یہ کر رہا ہے کہ اسے زانیہ کہہ رہا ہے (لاحول ولاقوۃ الا باللہ) اور پھر اس غلطی کو حدیث میں ملا کر بیان کر رہا ہے۔

## (۵۵) حدیث خضاب میں تبدیلیاں

سنن نسائی شریف کی حدیث میں ہے کہ:

یاتی الناس یخضبون بالسواد کحواصل الحمام لا یرحون رائحۃ الجنۃ، کچھ آئیں گے کہ سیاہ خضاب کریں گے جیسے جنگلی کبوتروں کے نیل گو پوٹے وہ جنّت کی بو نہ سونگیں گے۔

(ملفوظات: حصّہ دوم، ص۲۰۴ نوری کتب خانہ)

احمد رضا خان نے سنن نسائی کے حوالے سے جس حدیث کو نقل کیا ہے وہ سنن نسائی کے کسی صفحے پر موجود نہیں بلکہ اصل حدیث ان الفاظ کے ساتھ مذکور ہے:

''عن ابن عباس رفعه انه قال قوم يخضبون بهذاالسواد آخر الزمان كحواصل الحمام لاريحون رائحة الجنة''۔

(نسائی کتاب الزینۃ: باب نہی عن الخضاب بالسواد، ج۱ ص۲۷۷۔ قدیمی کتب خانہ کراچی)

(۱) احمد رضا خان نے حدیث میں سے لفظ ''قوم'' ہٹا کر اس کی جگہ ''یاتی الناس'' کا خودساختہ جملہ حدیث میں جڑ دیا۔

(۲) اور ''بهذا السواد'' کو ''بالسواد'' سے بدل دیا۔

(۳) اور حدیث میں موجود ''آخر الزمان'' کو حدیث سے بالکل غائب کر دیا۔ اور ترجمہ بھی خودساختہ ترتیب کا کر دیا جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کسی کاتب وغیرہ کی غلطی نہیں ہے بلکہ اس کی پوری ذمہ داری احمد رضا خان پر ہے۔

(جاری ہے۔۔۔)

☆☆☆☆☆☆☆

---

بقیہ: گستاخ کا چہرہ......................................

کردی کیا وہ آپ (بریلوی) کے نزدیک فتوائے گستاخی کے زد میں نہیں آتے؟ اگر نہیں تو کیوں؟ معلوم ہوا کہ فاضل بریلوی نے اپنے شعر میں مکّی دور کے مصائب اور طرح طرح کے توہین آمیز سلوک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا اے میرے آقا و مولی! آپ کی اس عزت پہ لاکھوں سلام ہو جو مکّی دور کی تیرہ سالہ ذلت کے بعد آپ کو عطاء کی گئی''۔

(لطمۃ الغیب: ص۴۳)

(جاری ہے)

---

# خدارا!!! حاجیوں کو تو معاف کر دیتے

ساجد خان نقشبندی

www.RazaKhaniMazhab.com

قارئین کرام! کے علم میں یہ بات آگئی ہوگی کہ بریلوی غزالی زماں احمد سعید کاظمی کے بیٹے سابق وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی پر ۳۰ مئی ۲۰۱۲ کو حج کرپشن کیس میں فرد جرم عائد کر دی گئی ہے (جنگ نیوز)

قارئین اہلسنّت! اس مہنگائی کے دور میں جہاں ہر چیز کی قیمت آسمانوں سے باتیں کر رہی ہیں حج پر جانے والے حضرات نے روکھی سوکھی کھا کر پیسہ پیسہ جوڑ کر حج کی سعادت حاصل کرنے کی کوشش کی مگر دوسری طرف انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ پاکستان کی وزارت مذہبی امور کے کرپٹ افسران نے اس مقدس سفر اور مذہبی فریضہ کو بھی کاروبار اور پیشہ سمجھ لیا اور وہ حاجی جو اللہ کے مہمان ہیں ان کو لوٹنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔

وفاقی مذہبی امور کے وزیر ''بریلوی غزالی دوراں'' احمد سعید کاظمی کے بیٹے ''حامد سعید کاظمی صاحب'' تھے۔ جن کے زمانے وزارت میں وزارت حج میں بدترین کرپشن ہوئی۔ ان کی وزارت کے پہلے سال میں ہی حج امور میں بڑے پیانے پر کرپشن لوٹ کھسوٹ کا انکشاف ہوا تھا۔ اور وزارت کے دوسرے سال بھی میڈیا پر یہ رپورٹس آنے لگیں کہ حج کے انتظامات میں بڑے پیانے پر گھپلے کئے جا رہے ہیں چنانچہ ان رپورٹس کی تحقیقات کیلئے پارلیمنٹ کی ایک قائمہ کمیٹی ۲۰ افراد پر تشکیل دی گئی یہ کمیٹی 27 اگست ۲۰۱۰ کو جدہ پہنچی 28,29 اگست ۲۰۱۰ کو اس کمیٹی نے مکّہ مکرمہ اور 30 اگست تا یکم ستمبر مدینہ منورہ میں حج انتظامات کا جائزہ لیا اور ایک تحقیقی رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کی جس میں بڑے پیانے پر حج انتظامات میں مالی بدعنوانیوں، بدانتظامی اور کرپشن کا انکشاف کیا گیا۔

کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق وزارت حج کی طرف سے ڈی جی حج کو عازمین کیلئے مطلوبہ معیار کی رہائش گاہیں لینے کی ہدایات کی گئی تھیں:

(۱) کوئی بھی عمارت ایسی نہ ہو جس میں 200 سے کم افراد کی گنجائش ہو۔

(۲) مطلوبہ عمارتیں حرمین شریفین سے دو ہزار میٹر کے اندر اندر ہو۔

(۳) 8 سال سے زائد پرانی عمارت نہ لیجائے۔

(۴) یہ تمام عمارتیں گروپس کی شکل میں لیجائیں (ایک ہی مقام پر)

مگران ہدایات کے برعکس وزارت کی طرف سے حجاج کیلئے جو 87 عمارتیں لی گئیں ان میں سے 59 عمارتیں ایسی ہیں جن میں 200 سے کم افراد کی گنجائش ہے۔ بہت سی عمارتیں ایسی ہیں جو دو ہزار سے زائد مسافت پر ہیں، کم سے کم 15 عمارتیں ایسی ہیں جو 8 سال سے زیادہ پرانی ہیں اور یہ تمام عمارتیں گروپس کی شکل میں بھی نہیں بلکہ متفرقہ طور پر لی گئی ہیں۔

رپورٹ میں کہا گیا ہے ان عمارتوں کا کرایہ پہلی قسط کے طور پر 15 فیصد دیا جاتا تھا جبکہ اس بار 30 سے 50 فیصد دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سعودی عرب میں حاصل کی گئی صرف دو عمارتیں ''نخبہ ا، ''نخبہ ۲'' پر 26 لاکھ ریال کا کمیشن لیا گیا۔ جبکہ عمارتوں کے حصول میں فی حاجی کے حساب سے 500 سو سے لیکر 1100 سو ریال تک کا کمیشن کھایا گیا ہے۔

کمیٹی رپورٹ کے مطابق اس سال وزارت حج کی طرف سے ریکارڈ کرپشن کی گئی جس کا خمیازہ پاکستانی حجاج کو سعودی عرب پہنچ کر بھگتنا پڑا۔ پاکستانی عازمین کو سعودی عرب میں کس قدر دشواریوں کا سامنا ہے اس کا اندازہ آپ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ خود سعودی عرب کے شاہی خاندان کے ایک معزز فرد ''شہزادہ بندر بن خالد'' نے سپریم کورٹ آف پاکستان کو ایک خط کے ذریعہ اس کرپشن سے آگاہ کیا اور فوری اقدامات کا مطالبہ کیا۔ شہزادے نے اپنے خط میں واضح کیا کہ ان کی کمپنی نے حرم کے ارد گرد ۲ کلو میٹر کے علاقے میں 35 ہزار عازمین کیلئے 3350 ریال کے حساب سے عمارتوں کی پیش کش کی مگر پاکستان کی وزارت حج نے اس پیش کش کو ٹھکرا دیا اور حرم سے تین کلو میٹر سے بھی زائد مسافت پر جہاں مارکیٹ ریٹ 1500 ریال ہے پاکستانی حکام نے یہ عمارتیں 3600 ریال کے حساب سے حاصل کیں سعودی شہزادے کے مطابق ان کی کمپنی انہی عمارتوں کو مارکیٹ ریٹ میں بھی دینے کیلئے تیار تھی مگر پاکستانی وزارت اس کیلئے بھی تیار نہ ہوئی اور من پسند افراد کی جیبیں گرم کر کے کروڑوں روپوں کا کمیشن کھایا۔ (روزنامہ جنگ، ۴

نومبر ۲۰۱۰)

سپریم کورٹ نے خط پر فوراً ایکشن لیتے ہوئے وزارت مذہبی امور سے جواب طلب کرلیا ہے۔مگر وزارت نے اپنی کوپشن پر پردہ ڈالنے کیلئے اس خط کو جعلی قرار دے دیا مگر دوسری طرف سعودی عرب میں تعینات پاکستانی سفیر ''عمر خان علی شیرزئی'' نے خط کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ یہ خط اصلی ہے اور شاہی خاندان ہی کی طرف سے لکھا گیا ہے۔

(روزنامہ جنگ، ۱۱ نومبر، ۲۰۱۰)

پارلیمانی کمیٹی کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق ڈائریکٹر حج نے صرف رہائشی عمارتیں حاصل کرنے کی مد میں ایک ارب روپے کی بدعنوانی کی ۔(روزنامہ امت ،۴ نومبر ۲۰۱۰) وزارت مذہبی امور کے ان کارناموں کا ذکر کرتے ہوئے تین سال سے سعودی عرب میں معلّم کے فرائض انجام دینے والے عالم دین مولانا عبدالصمد جو عربی، فارسی، برمی انگریزی زبانوں پر مکمّل عبور رکھتے ہیں کا کہنا ہے کہ پاکستانی وزارت حج دنیا کی وہ واحد وزارت ہے جو ہر کام میں کمیشن مانگتی ہے۔(روزنامہ امت، ۴ نومبر ۲۰۱۰) پارلیمانی کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں مالی بدعنوانی کا ذمہ دار ڈائریکٹر حج راؤ شکیل احمد کو قرار دیا ہے اور ان کے معطّلی کی سفارش کی ہے جبکہ موصوف زمینوں کے ناجائز الاٹمنٹ میں ملوث رہ چکے ہیں جبکہ ان کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں بھی تھا۔مگر ان کی خوبی یہ ہے کہ موصوف سابق وفاقی مذہبی امور حامد سعید کاظمی کے قریبی دوست ہیں (امت، ۲۵ ستمبر ۲۰۱۰)۔

وزارت حج نے عمارتوں کے حصول کیلئے احمد فیض نامی شخص کو ایجنٹ مقرر کیا جو سعودی عرب میں غیر قانونی طور پر مقیم ہیں اور انھیں سعودی پولیس نے گرفتار بھی کیا تھا مگر وزارت حج کی مداخلت پر انھیں رہا کر دیا گیا جبکہ موصوف جعلی شناختی کارڈز اور پاسپورٹز بنانے کے بھی مجرم ہیں دیگر افراد کی طرح اس نے بھی لاکھوں کا کمیشن کھایا۔

قارئین کرام !غور فرمائیں یہ اس ملک کی مذہبی وزارت کا حال ہے جو خود کو اسلام کا قلعہ باور کرتا ہے اور جس کے سابق مذہبی وزیر اس بات کے دعوے دار ہیں کہ میرا تعلّق سوادِ اعظم مسلک اہلسنّت سے ہے میرے والد تو وقت کے غزالی اور رازی تھے، جبکہ دوسری طرف ایک غیر مسلم ملک ہندوستان کا حال بھی دیکھ لیں:

بھارتی حجاج عزیزیہ رہائش گاہ کیلئے (جس میں ٹرانسپورٹیشن) بھی شامل ہے 2300 سعودی ریال ادا کرتے ہیں جبکہ پاکستانی حجاج سے 2900 سے لیکر 3200 ریال اس علاقے میں رہائش کیلئے وصول کئے جاتے ہیں۔اس علاقے سے ایک ہزار میٹر پر واقعہ رہائش کیلئے بھارتی حجاج 2800 سعودی ریال ادا کرتے ہیں جبکہ پاکستانی حجاج سے اس علاقے میں، رہائش کیلئے بھی 2900 سے لیکر 3200 ریال وصول کئے جاتے ہیں۔کوئی بھارتی حاجی ایسی خراب رہائش گاہ میں نہیں رہتا جس کیلئے پاکستانی حجاج 2900 سے لیکر 2950 سعودی ریال ادا کرتے ہیں (جس کا اگر موازنہ کیا جائے تو قیمت دو ہزار سعودی ریال سے زیادہ نہیں بنتی) کسی پاکستانی حجاج کو حکومتی سکیم کے تحت ایک ہزار میٹر کے علاقے کے اندر رہائش گاہ فراہم نہیں کی جاتی جبکہ بھارتی حج کمیٹی کے پاس اس رینج کی متعدد عمارتیں موجود ہیں (جو حرم سے دو سے تین میٹر کے فاصلے پر ہیں) جن کیلئے فی حاجی 3500 سعودی ریال وصول کئے جاتے ہیں (روزنامہ جنگ، ۲۴ نومبر ۲۰۱۰)

یہ اعداد وشمار یقیناً ایک پاکستانی کیلئے شرم کا باعث ہیں سابق وفاقی مذہبی امور حامد سعید کاظمی بریلوی کو ذرا بھی خدا کا خوف نہیں۔۔؟؟ پاکستانی حکومت کی تنخواہوں۔۔مریدوں کے نذرانوں۔۔مردے کے تیجے چالیسوں پر بھی ان کی توند نہیں بھری جو حاجیوں کو لوٹنے میں مصروف ہو گئے۔۔۔؟؟؟

قارئین کرام یہ تو وہ حقائق تھے جس میں واضح کیا گیا کہ بریلوی فرقے کے کرتا دھرتاؤں نے کس طرح اپنی دنیا سنوارنے کیلئے خدا خوفی سے بے نیاز ہو کر اللہ کے مہمانوں کو لوٹا اب ذرا ان بریلویوں کی حقیقت بھی دیکھ لیں جو "پرائیویٹ ٹور آپریٹرز" ہیں۔

''الفرقان ٹریول ایجنسی'' ایک بریلوی ٹی وی چینل "QTV" کے مفتی اکمل مدنی کا ہے جو اس چینل کا ایک معروف پروگرام پیش کرتے ہیں جس میں عوام کو شریعت کے احکام اور ان کے مسائل بتائے جاتے ہیں اس ایجنسی نے حاجیوں کے کروڑوں روپے کھا لئے حاجیوں سے پانچ کروڑ روپے وصول کرنے کے بعد بھی ان کو حج سے محروم کر دیا ایجنسی کی طرف سے آخری وقت تک فریقین کو یقین دہانی کرائی جاتی رہے کہ آپ کا ویزا آپ کو مل جائے گا مگر عین ٹائم پر ان 123 درخواست گزاروں کو ویزا دینے سے انکار کر دیا گیا اور یہ بدنصیب ان

بریلوی حضرات کی ملی بھگت سے حج کی سعادت سے محروم ہو گئے۔ مفتی اکمل صاحب نے سارا ملبہ وزارت مذہبی امور پر ڈالا مگر حقیقت یہ ہے کہ سعودی حکومت نے پاکستانی وزارت کو 4500 فارم مفت حج کروانے کیلئے دیئے مگر پاکستانی وزارت کے کرپٹ افسران نے یہ فارم 20 ہزار سے 80 ہزار روپے میں ٹور آپریٹرز کو فروخت کر دیئے جبکہ ان آپریٹرز نے خصوصی ٹور کا تاثر دے کر یہ فارم تین لاکھ روپے فی حاجی کے حساب سے فروخت کئے جب سعودی حکومت کو اس کا علم ہوا تو ان تمام فارمز کو منسوخ کر دیا جس کی وجہ سے یہ درخواست گزار حج سے محروم ہو گئے۔ (روزنامہ نوائے وقت، ۱۲ نومبر ۲۰۱۰)

جیو چینل کے معروف پروگرام "آج کامران خان کے ساتھ" کے ۲۲ نومبر ۲۰۱۰ کے پروگرام میں بتایا گیا کہ ناقص انتظامات کی وجہ سے پاکستانی حجاج بے یارو مددگار منی میں پڑے رہے اور وہ وقت جو حاجی دعاؤں میں صرف کرتے تھے پاکستانی حکام کو بددعائیں دیتے گزار دیا گیا۔ کامران خان صاحب اپنے تجزیہ میں اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ حج آپریشن کے ان گھپلوں پر تحقیقات کرنے والا ہر محقّق اور تجزیہ نگار اس بات پر متفق ہے کہ اس کرپشن کی براہ راست ذمہ داری حامد سعید کاظمی پر عائد ہوتی ہے اور وہ اس میں ملوث ہیں۔

پروگرام میں مذہبی قائمہ کمیٹی کے ایک رکن جناب پیرزادہ سید عمران احمد شاہ صاحب نے حاجیوں کی ناگفتہ بہ حالت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایک نوجوان حاجی نے منی میں مجھ سے کہا کہ خودکشی حرام ہے ورنہ اپنی ماں بہن کو منی میں رلتے ہوئے دیکھ کر میرا دل کر رہا ہے کہ خودکشی کرلوں۔۔۔ پیرزادہ صاحب نے یہ بھی کہا کہ حاجیوں نے احرام میں حکومت پاکستان خصوصاً مذہبی امور کے وزیر کے خلاف وہ سخت نعرے بازی کی اور اتنی بددعائیں دیں کہ آپ اندازہ نہیں لگا سکتے۔ (پروگرام کی ویڈیو راقم الحروف کے پاس موجود ہے جبکہ آپ اس ویڈیو کو انٹرنیٹ پر www.youtube.com/razakhanimazhab بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں)۔

یاد رہے کہ پاکستان میں سعودی سفیر بھی اس بات کا اقرار کر چکے ہیں کہ اس سکینڈل میں حامد سعید کاظمی صاحب بریلوی براہ راست ملوث ہیں اور ان گھپلوں کی تمام تر ذمہ داری

ان پر عائد ہوتی ہے (روزنامہ جنگ، ۲۲ نومبر ۲۰۱۰)

حامد سعید کاظمی صاحب نے بجائے اپنے گناہوں سے توبہ کرنے کے اپنی ذاتی انا کی خاطر حج انتظامات میں بدنظمی کا ذمہ دار سعودی عرب کو ٹھرایا ہے اور پاکستان کی ۶۳ سالہ تاریخ میں سعودی عرب پر پہلی بار الزامات عائد کئے اور سعودی عرب سے حرجانے کا مطالبہ کیا حامد سعید کاظمی کے اس بیان کے متعلق سفارتی ذرائع نے کہا ہے کہ وزیر موصوف کا بیان انتہائی افسوسناک اور غیر ذمہ دارانہ ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان برادرانہ تعلقات ہیں ملکی تاریخ میں پہلی بار کسی وزیر نے سعودی عرب پر اس طرح کے الزامات عائد کئے ہیں۔

حامد سعید کاظمی کو سعودی عرب پر غصہ اس وجہ سے بھی آیا کہ جب وہ اپنے قریبی رشتہ داروں کے ساتھ حج کیلئے گئے تو انھیں جدہ ایئر پورٹ پر پروٹوکول نہیں دیا جاسکا۔ (روزنامہ جنگ راولپنڈی، ۲۱ نوبر ۲۰۱۰)۔

قارئین کرام! یقیناً آپ کے ذہن میں آرہا ہوگا کہ خود کو مسلمان کہنے والے آخر کس طرح حج جیسے مقدس فریضے کی انجام دہی کیلئے جانے والوں کے ساتھ اس طرح کا ظلم روا رکھ سکتے ہیں تو اس کا جواب بھی سن لیں کہ بریلوی مذہب میں حج ساقط اور منسوخ ہے اور حج پر جانے والے حاجی پاگل اور بے وقوف ہیں (بریلوی فتوی تنویر الحجہ لمن یجوز التواء الحجہ)۔

یہ طبقہ اپنے مخصوص عقائد کی وجہ سے شروع دن ہی سے سعودی عرب حکام سے متنفر ہے اسی فرقے کے لوگوں نے ۷۰ء کی دہائی میں سعودی عرب کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا جس کی وجہ سے سعودی حکام نے بریلوی اکابرین پر اپنے ملک میں داخلے پر پابندی لگادی تھی۔

حامد سعید کاظمی کو سعودی عرب سے شدید نفرت ہے اس کی وجہ جہاں ایک طرف ان کے مخصوص مذہبی عقائد وافکار ہیں تو دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ جن بریلوی زعماء کو سعودی عرب سے ملک بدر کیا گیا تھا ان میں حامد سعید کاظمی کے والد احمد سعید کاظمی بھی شامل ہیں۔

حامد سعید کاظمی صاحب اور ان کی جماعت آئمہ حرمین کو معاذ اللہ کافر سمجھتی ہے اور ان کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے سخت مخالف ہیں موصوف نے خود بھی ہر ممکن کوشش کی کہ مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ میں اپنے الگ جماعت کروائیں۔

اب خود سوچیں کہ کیا اس طرح کے شخص کو جو خود حج کو ساقط ملتوی مانتا ہو اور حاجیوں کو

پاگل بے وقوف، آئمہ حرمین کے پیچھے نماز کو باطل محض جانتا ہو کیا شرعی، قانونی، اخلاقی طور پر اس کو حاجیوں کا وزیر بنانا جائز ہے۔۔؟؟اور اگر ایسا شخص وزیر بن ہی گیا تو پھر یقیناً اس نے یہی کچھ کرنا تھا۔۔

کیا کھویا کیا پایا کچھ سود و زیاں کا پاس نہیں
ملّت کے جسد مردہ میں کسی دھڑکن کی اب آس نہیں
کچھ ملی وحدت کے جذبے جی اٹھنے کا احساس نہیں
رسوائی کے زخموں سے دھجیاں اس کی پوشاک ہوئیں

آخر میں ہم امت اخبار کے ان سوالوں کو نقل کرتے ہیں جو حامد سعید کاظمی سے کئے گئے تھے اور جن کے جوابات سے وہ آج تک عاجز ہیں:

(۱) وزارت اور حکومت کی پالیسی کے برعکس زیادہ فاصلے پر اور کم گنجائش والی عمارت کرائے پر لینے کا ذمہ دار کون ہے اور ایسے افراد کے خلاف کاروائی کیوں نہیں ہوئی؟

(۲) پالیسی کے برعکس ایسی عمارتیں بھی لی گئیں جو پرانی ہے اور ایک ایسی عمارت بھی لی گئی جو ابھی زیر تعمیر ہے اسکا ذمہ دار کون ہے اور ان کے خلاف کوئی کاروائی کیوں نہیں کی گئی؟

(۳) جو عمارتیں کرائی پر لی گئی ہیں ان کا ایڈوانس کرایہ 30 سے 50 فیصد ادا کر دیا گیا ہے حالانکہ سابقہ روایت ۱۵ فیصد تھی جن عمارتوں کی منسوخی کی تجویز قائمہ کمیٹی نے دی ہے اگر ان عمارتوں کے مالکان سے معاہدہ منسوخ ہو گیا تو رقوم کی واپسی ممکن ہو سکے گی؟ اگر یہ رقوم واپس نہ ہو سکیں تو کیا غلط اور مہنگی عمارتیں لینے والوں کے خلاف کاروائی ہو گی اور کیا یہ رقم ان سے وصول کی جائے گی؟

(۴) قائمہ کمیٹی نے واضح طور پر کہا کہ مکّہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں بالترتیب 500 ریال سے 1100-ریال تک اور 50 سے 100 ریال تک فی حاجی کمیشن کھایا گیا 80,000 حاجیوں کا حساب لگایا جائے تو کمیشن کی رقم اربوں روپے بنتی ہے یہ کس نے وصول کی اور ذمہ داروں کا تعین کرنا کس کی ذمہ داری ہے؟

(۵) اراکین پارلیمنٹ گزشتہ کئی ماہ سے ڈائریکٹر جنرل حج راؤ شکیل احمد کو اس سارے کھیل اور کمیشن کا مرکزی کردار کہہ رہے ہیں آپ کی وزارت نے اس معاملے پر توجہ کیوں نہیں دی اور مالی کرپشن میں ملوث شخص کو انتہائی اہم ذمہ داری کیوں سونپی؟

(۶) مکّہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں آپ کے دورے کے دوران فیض احمد نامی شخص مسلسل آپ کے ساتھ موجود رہا، رپورٹ کے مطابق وہ وہاں غیر قانونی طور پر مقیم رہا، آپ کا اس سے کیا تعلّق ہے اور ڈائریکٹر جنرل حج نے پہلے اسے بلڈنگ سپروائزر مقرر کیا اور پھر برطرف کردیا آپ کی وزارت میں یہ سب کچھ ہوا یہ شخص کون ہے؟ اس کی تقرریری یا برطرفی کے معاملات سے اگر آپ آگاہ ہیں تو آپ نے اس بارے میں کیا انکوائری کی؟

(۷) قائمہ کمیٹی کے ارکان نے سفارش کی ہے کہ ڈائریکٹر جنرل حج کو فوری طور پر برطرف کر کے بدعنوانی کا مقدمہ چلا جائے اور حقائق جاننے کیلئے عدالتی کمیشن قائم کیا جائے۔ایک عالم دین اور وفاقی وزیر حج ہونے کے ناطے کیا حجاج کرام سے کمیشن لینے کے جرم میں آپ اراکین پارلیمنٹ کا مطالبہ تسلیم کریں گے؟

(۸) کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ ڈائریکٹر جنرل حج راؤ شکیل احمد پر نیب میں مالی بدعنوانی اور زمینوں کی ناجائز الاٹمنٹ کے مقدمات موجود ہیں اور ان کا نام ای سی ایل میں بھی شامل تھا، جو اس وقت نکلوایا گیا جب انھیں ڈی جی حج کی ذمہ داری لینے کیلئے جدہ روانہ ہونا تھا، انتہائی اہم مذہبی ذمہ داری والی پوسٹ پر ایسے شخص کی تعیناتی پر آپ کیوں خاموش رہے؟

(۹) اگر آپ قائمہ کمیٹی کی سفارشات کو نہیں مانتے اور حجاج کرام سے اربوں روپے کمیشن لینے کی عدالتی تحقیقات پر آمادہ نہیں ہوتے تو کیا حجاج کرام یہ سمجھنے میں حق بجانب نہیں ہونگے کہ دال میں کچھ کالا ہے اور آپ بھی راؤ شکیل اور احمد فیض کے ساتھ شامل ہیں۔

## انتقال پر ملال

۱۸ اپریل ۲۰۱۲ کو جمعیت علماء اسلام کے سابق امیر حضرت مولانا قاضی حمید اللہ جان صاحب رحمۃ اللہ علیہ لاہور میں وصال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ نے پرویز مشرف ملعون کے دور اقتدار میں فحاشی وعریانی کے خلاف عملی جہاد کی امارت کی۔ آپ کی نماز جنازہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی نے پڑھائی۔

۲۰ اپریل بھوجا طیارہ حادثے میں دیگر مسافرین کے علاوہ مولانا عطاء الرحمٰن صاحب استاذ الحدیث وناظم تعلیمات جامعہ علوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن شہید ہوگئے۔ مولانا پیر عثمان شہید، مولانا عرفان، مولانا محمد یونس، مولانا گل زمان، قاری عبد الرحمٰن بھی اسی طیارے کے مسافر تھے جو سب جام شہادت نوش کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

۲۸ مئی بروز پیر ضیاء الحق کالونی گلشن اقبال میں اہل السنۃ والجماعت کے رہنما مفتی ذیشان اپنے ساتھی دانش بھائی سمیت دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تمام شہداء اور وفات پانے والوں کے مشن کو قائم رکھے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ادارہ نور سنت کے تمام ارکان وقارئین پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

# تبصرہ کتب

نوٹ: تبصرے کیلئے دو کتابوں کا بھیجنا ضروری ہے۔

## نام کتاب: (۱) سوال گندم جواب چنا
## (۲) عذاب قبر کی صحیح صورت کے منکر کا شرعی حکم

مصنّف ہر دو کتاب استاذ العلماء مناظر اسلام مولانا نور محمد تونسوی صاحب مدظلہ العالی

حضرت شیخ تونسوی صاحب مدظلہ العالی کی عمر میں اللہ پاک برکت عطا فرمائے۔ حضرت کسی موضوع کو تشنہ تکمیل نہیں رہنے دیتے بلکہ اس موضوع کے مالہا و ماعلیہا کو مکمّل تفصیلی طور پر بیان کردیتے ہیں۔ مذکورہ کتاب ''سوال گندم جواب چنا'' بھی اسی طرح کی ایک کتاب ہے۔ حضرت نے غیر مقلّد حافظ عبدالوکیل کو ایک نئے انداز میں نماز جنازہ پڑھتے دیکھا تو اس کی وضاحت پر غیر مقلّد کو خط لکھا۔ لیکن وہ غیر مقلّد کیا جو جواب صحیح دے اس نے سوال گندم جواب چنا کی کہاوت پر الٹا علماء اہلسنت کی عبارات پیش کردیں۔ جس کا حضرت تونسوی صاحب نے تفصیلی جواب دیا۔ قارئین اس کتاب کو پڑھ کر یقیناً محظوظ ہونگے اور انہیں یہ بھی نظر آئے گا کہ اگرچہ بریلوی اور غیر مقلّد دو الگ الگ جماعتوں کا نام ہے لیکن اہلسنت کے خلاف یہ دونوں ملۃ واحدۃ ہیں۔

## (۲) عذاب قبر کی صحیح صورت کے منکر کا شرعی حکم

منکرین عذاب قبر کے متعلق حضرت تونسوی صاحب مدظلہ نے ایک سوالنامہ تیار کر کے ملک بھر کے علمائے اہلسنت کے مدارس سے فتاوی جات حاصل کیئے جس کے جواب میں اہلسنت کے ۲۰ سے زائد مدارس نے منکرین عذاب قبر کا شرعی حکم بیان فرمایا کہ منکر عذاب قبر کی اقتداء میں نماز درست نہیں اور اقتداء مکروہ تحریمی ہے ایسا شخص معتزلی ہے۔ اور آخر میں حضرت تونسوی صاحب نے ان تمام فتاوی جات کا خلاصہ بیان فرمایا اس کتاب کے مقدمے کے آخر میں حضرت کا یہ جملہ ان کے بڑے پن کو ظاہر کرتا ہے حضرت اس کتاب میں فرماتے ہیں:

''میرے قلم سے کوئی ایسی بات نکل گئی جو اکابر کے مسلک کے خلاف ہے تو میں اللہ کو حاضر ناظر سمجھ کر ہر ایسی بات سے رجوع کرتا ہوں بلکہ توبہ کرتا ہوں جو مسلک اکابر کے خلاف ہے''۔ [ص ۳۴]

میرے خیال میں ہر عالم کی سوچ یہی ہونی چاہئے۔ اللہ حضرت کی محنت کو قبول فرمائے آمین۔

حضرت کی جملہ کتب ملنے کا پتہ: مکتبہ عثمانیہ ترنڈہ محمد پناہ لیاقت پور ضلع رحیم یار خان۔ فون 0307-7791760

# ردبریلویت پر نئی شائع ہونے والی شاہکار کتابیں

(۱) بریلویوں کی شیطان سے محبت

مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ شیطان ازل سے انسان کا دشمن رہا ہے اور اللہ کی بارگاہ سے راندہ درگاہ ہے مگر یہ کتاب پڑھ کر آپ کو حیرت ہوگی کہ بریلویوں کو اس لعین سے کتنی عقیدت اور محبت ہے۔

(۲) احمد رضا خان کے باغی بریلوی

اس کتاب میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ ہر وقت مسلک رضوی کی رٹ لگانے والے کس طرح احمد رضا خان کے دین و مذہب سے بغاوت کر رہے ہیں۔

(۳) صراط مستقیم پر اعتراضات کا جائزہ

اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے کہ بریلویوں کی طرف سے صراط مستقیم پر اعتراض محض جاہلانہ ہے اور صراط مستقیم کی عبارت قرآن و حدیث کے مطابق ہے۔ اپنے موضوع پر ایک لاجواب کتاب۔

(۴) روئیداد مناظرہ کوہاٹ

کوہاٹ میں اشرف آصف جلالی کے شاگرد اعظم جلالی رضاخانی کے ساتھ مروجہ جشن عید میلاد النبی پر ہونے والے مناظرے کی مکمل روئیداد۔

(۵) زلزلہ در زلزلہ

اس کتاب میں ارشد القادری کی بدنام زمانہ کتاب زلزلہ کے دجل و فریب کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔

(۶) تحریک پاکستان اور تحریک خلافت میں علمائے دیوبند کا کردار

تحریک پاکستان اور تحریک خلافت میں علمائے دیوبند نے کیا شاندار خدمات سرانجام دی تھیں اور بریلویوں نے کس طرح انگریز کی نمک حلالی کر کے ان تحریکات کو نقصان پہنچایا یہ سب پڑھنے کیلئے آج ہی اس رسالے کو منگوائیں۔

(۷) الشہاب الثاقب

(۸) جشن عید میلاد کے حقائق

(۹) مروجہ محفل میلاد

(۱۰) رسائل چاندپوری جلد اول

(۱۱) اظہار حقیقت میں تاخیر جرم ہے

(۱۲) تحذیر الناس ایک مطالعہ

کتابیں منگوانے کیلئے رابطہ کریں: 0312-5860955

عنقریب چھپ کر منظر عام پر آنے والی ہے۔

# قہر حق

بجواب

دوماہی رسالہ

# نام نہاد کلمہ حق

رضاخانیوں کی طرف سے علمائے اہل سنت پر کیئے جانے والے اعتراضات کا مسکت اور منہ توڑ جواب دیا گیا ہے۔

کتاب منگوانے کے لیے آج ہی رابطہ کریں۔

0312-5860955 - 0331-2229296

کسی بھی باپ کا اپنی اولاد کو دیا ہوا بہترین تحفہ اچھی تعلیم ہے۔ (حدیث نبوی ﷺ)

**بیاد:** ولی کامل پیر طریقت شہید اسلام حضرت اقدس مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ

# اقرأ تہذیب الاسلام (رجسٹرڈ)

## مکمل دینی تعلیم کے ساتھ نرسری تا میٹرک (انگلش میڈیم)

- علمائے حق کی سرپرستی
- مخلص اساتذہ کی محنت
- بنیادی اسلامی تعلیم
- حفظ و ناظرہ با تجوید
- عربی گرامی صرف ونحو
- تفسیر قرآن مجید
- تعلیم و تاریخ اسلام
- جدید انگلش تعلیم
- کمپیوٹر کی تعلیم لازمی
- اعمال و اخلاق کی اصلاح
- تعلیم و تربیت کا اعلیٰ معیار
- باقاعدہ ماہانہ ٹیسٹ

**پرسکون صاف ستھرا اور بہترین ماحول میں بچوں پر انفرادی توجہ**

**ضروری نوٹ:** لڑکیوں کے لیے شرعی اصولوں کے عین مطابق علیحدہ ادارہ جس میں ہر عمر کی بچی کو ماہر و تجربہ کار معلمات کی زیر نگرانی باپردہ ماحول میں مذکورہ خصوصیات کے ساتھ دینی و دنیاوی تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ آگے بڑھیے اور ہمارے اس نیک مشن کو پایۂ تکمیل تک پہنچایئے۔

**مدیر اعلیٰ:** (مولانا) عبد العلیم حسن زئی
امام وخطیب جامع مسجد فاروق اعظم (ٹرسٹ)
**اوقات دفتر:** صبح 8 تا 12 بجے

**پتہ:** ناصر مسجد روڈ، نیو میانوالی کالونی،
گلی نمبر 8 سیکٹر 6، کراچی نمبر 26
0300-2923283 - 0321-2114091 - 0321-2581218